**03.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........شگفتہ یاسمین

**Music**

--------------------------------

☆ حکومت نے کہا ہے کہ بھارت نے زراعت اور ڈیری کے شعبوں کے مفاد کا تحفظ کرتے ہوئے امریکہ کے ساتھ سازگار تجارتی معاہدے کیا ہے۔ اُس نے کسانوں، ماہی گیروں، **MSME**، خواتین انٹرپرینیور اور نوجوانوں کیلئے نئے مواقع کو اجاگر کیا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدے سے بدلتے عالمی نظام اور بھارت کی جانب اُس کے رُخ کی عکاسی ہوتی ہے۔

☆ بھارت—امریکہ تاریخی تجارتی معاہدے کے اعلان کے بعد **Sensex** اور نفٹی دونوں میں دو اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ ہوا۔

☆ اپوزیشن کے آٹھ ارکانِ پارلیمنٹ کو اُن کے ناشائستہ طرزِ عمل کیلئے بجٹ اجلاس کے بقیہ حصے کیلئے لوک سبھا سے معطل کردیا گیا ہے۔ راجیہ سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر بحث ہوئی۔

☆ بھارت نے **Solid Fuel Ducted Ramjet SFDR** ٹیکنالوجی کا کامیاب مظاہرہ کیا۔ وہ اُن سرکردہ ممالک کے گروپ میں شامل ہوگیا ہے، جن کے پاس طویل دوری تک فضا سے فضا میں وار کرنے والے میزائلوں کی تیاری کیلئے ٹیکنالوجی ہے۔

☆ اور خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں وڈودرہ میں **Eliminator** مقابلے میں گجرات جائنٹس نے ڈیلی کیپٹلس کی جیت کیلئے **169** رن کا نشانہ رکھا ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Goyal INDIA US**

حکومت نے آج کہا کہ بھارت نے زراعت اور ڈیری کے شعبے کے مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے امریکہ کے ساتھ فائدہ مند تجارتی سمجھوتہ کیا ہے۔ نئی دلّی میں اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے نئی دلّی اور واشنگٹن کے درمیان، تجارتی سمجھوتے کو تاریخی اور مستقبل پر مرکوز قرار دیا، جو بھارت کے قومی مفادات کو مرکزی حیثیت فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھارت کی جانب سے کیے گئے

سب سے زیادہ فائدہ مند تجارتی سمجھوتوں میں سے ایک ہے، جو عالمی سطح پر بھارت کے بڑھتے معاشی قد کی واضح عکاسی ہے۔ بھارت اور امریکہ، تجارتی معاہدے پر پہنچ گئے ہیں، جو سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اِس معاہدے سے واشنگٹن، بھارتی اشیا پر عائد جوابی محصول کو کم کرکے 18 فیصد کرے گا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ٹیلی فون پر بات چیت کے بعد، سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ اعلان کیا۔ جناب گوئل نے میڈیا کو بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی فیصلہ کن قیادت میں بھارت نے مضبوطی سے مذاکرات کیے اور سمجھوتے تک پہنچے، جو تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت میں اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ جناب گوئل نے مزید کہا کہ زیادہ جوابی محصولات جیسے چیلنجوں اور پیچیدہ مذاکرات کے باوجود بھارت نے اپنے اصل مفادات کا کامیابی سے تحفظ کیا اور ساتھ ہی منصفانہ اور متوازن بازار رسائی کو بھی یقینی بنایا۔

**SB - Piyush Goyal**

جناب گوئل نے واضح کیا کہ یہ سمجھوتہ، کسانوں، ماہی گیروں، **MSMEs**، خواتین کاروباریوں اور دیہی اور شہری بھارت کے نوجوانوں کیلئے نئے مواقع پیدا کرے گا۔جناب گوئل نے مزید کہا کہ سمجھوتے میں بھارت کے زرعی مفادات کا پوری طرح تحفظ کیا گیا اور کسانوں کی گزر بسر پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔×

## PM NDA Meeting

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ امریکہ کے ساتھ بھارت کا تاریخی تجارتی سمجھوتہ، دیرینہ صبر کا نتیجہ ہے۔

نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کامپلیکس میں **NDA** اراکین پارلیمنٹ کی پارلیمانی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے آج یہ بات کہی۔ بھارت اور امریکہ، تجارتی معاہدے پر پہنچ گئے ہیں، جو سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اِس معاہدے سے واشنگٹن، بھارتی اشیا پر عائد جوابی محصول کو کم کرکے 18 فیصد کرے گا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ٹیلی فون پر بات چیت کے بعد، سوشل میڈیا پوسٹ میں یہ اعلان کیا۔ ذرائع کے مطابق، وزیر اعظم نے **NDA** پارلیمانی میٹنگ میں کہا کہ اِس تجارتی سمجھوتے نے اقتصادی ماحول بنایا ہے اور اِس نے عالمی تجارتی مذاکرات کے تئیں حکومت کے متواتر اور متناسب نقطۂ نظر کی عکاسی کی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اپوزیشن نے محصولات کے معاملے پر تنقید کی، لیکن حکومت نے صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور اب نتیجے نظر آرہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ عالمی آرڈر بدل رہا ہے اور اِس کا جھکاؤ تیزی سے بھارت کی جانب بڑھا ہے۔ میٹنگ کے دوران، **NDA** اراکین پارلیمنٹ نے تاریخی بھارت–امریکہ تجارتی سمجھوتے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا استقبال کیا۔ میٹنگ کے بعد، اخباری نمائندوں سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ امریکہ کے ساتھ تجارتی سمجھوتہ، تاریخی اہمیت کا حامل ہے اور یہ بھارت–یوروپی یونین آزادانہ تجارت معاہدے پر دستخط کیے جانے کے محض ایک ہفتے بعد ہوا ہے۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں سبھی ترقی یافتہ ممالک، بھارت کے ساتھ تال میل سے کام کرنا چاہتے ہیں۔ جناب رجیجو نے مزید کہا کہ بھارت نے اب تک 39 ملکوں کے ساتھ آزادانہ تجارتی معاہدوں پر دستخط کیے ہیں۔

## Stocks Close

شیئر بازار کے گھریلو اشاریوں سینسیکس اور نفٹی میں آج ڈھائی فیصد سے زیادہ کا اضافہ درج کیا گیا۔ بھارت–امریکہ تجارتی سمجھوتے کے اعلان کے بعد، بازار میں تاریخی اُچھال دیکھنے کو ملا۔ سینسیکس، 2ہزار 73 پوائنٹس بڑھ کر 83ہزار 739پر بند ہوا، جبکہ نفٹی، 639پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 25ہزار 728 تک جا پہنچا۔ ×

## US Ambassador

بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor نے آج اِس بات پر زور دیا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ حقیقی معنوں میں وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک عظیم دوست مانتے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر انھوں نے کہا کہ وہ بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدے کی خبر سے انتہائی خوش ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان تعلقات کے سلسلے میں کافی امکانات ہیں۔ x

## Prez Odisha

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت اُسی صورت میں تیزی سے خوشحال ہوسکتا ہے جب ماحولیات کے تحفظ اور تکنیکی پیشرفت کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے کے سبھی طبقات مجموعی طور پر ترقی کریں۔ انھوں نے اِس قومی ہدف کی حصولیابی میں بھارتی یونیورسٹیوں کے اہم رول کو اجاگر کیا۔ صدر جمہوریہ آج اڈیشہ کے بالاسور میں فقیر موہن یونیورسٹی کے 12ویں جلسہ تقسیم اسناد سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے گریجویٹ طلبا پر زور دیا کہ وہ سماجی ذمہ داری ادا کریں اور ملک کی تعمیر میں سرگرمی سے حصہ لیں۔ صدر جمہوریہ اپنی آبائی ریاست کے 6روزہ دورے پر کل اڈیشہ پہنچی ہیں۔ x

## Budget Reax Cultured

حکومت نے 2026-27کے مرکزی بجٹ میں Dholavira، لوتھل، راکھی گڑھی، Adichanallur، سارناتھ، ہستیناپور اور Leh Palace سمیت 15ثقافتی مقامات کے فروغ کی تجویز پیش کی ہے، جنہیں درخشاں اور تجرباتی ثقافتی مراکز کے طور پر فروغ دیا جائے گا۔

آکاشوانی نیوز سے خصوصی گفتگو میں وزارت ثقافت کے سکریٹری وِویک اگروال نے اِس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اِس تجویز کا مقصد ان مقامات کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ سیاحت کو فروغ دینا اور سیاحوں کو راغب کرنا ہے۔

**SB - Vivek Aggrawal**

دریں اثنا، بھگوان بدھ کی مقدس باقیات کو کل سری لنکا لے جایا جائے گا، جہاں ایک ہفتے تک انہیں عالمی نمائش کیلئے رکھا جائے گا۔

وزارت ثقافت نے کہا کہ اِن مقدس باقیات کو پہلی بار ملک سے باہر لے جایا جارہا ہے۔ جناب اگروال نے کہا کہ یہ باقیات اِس ماہ کی 11 تاریخ تک سری لنکا میں رہیں گی۔ جناب اگروال نے کہا کہ بھارت اپنی ثقافتی رابطوں میں اضافہ کررہا ہے اور اِس کی ثقافتی رسائی بھی بڑھ رہی ہے۔×

**Mandaviya Projects**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج ورچوئل وسیلے سے 6اہم کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کھلاڑیوں کی مدد کی خاطر دو مراکز کا افتتاح کیا، جن میں کُل 120 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری ہوگی۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت نے کہا ہے کہ اِن پروجیکٹوں کو اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کی اضافی مدد کے ساتھ کھیلو اِنڈیا اسکیم کے تحت منظور کیا گیا ہے۔x

**Add Parl Motion of Thanks**

لوک سبھا میں اپوزیشن کے آٹھ ارکانِ پارلیمنٹ کو ایوان میں اُن کے ناشائستہ طرزِ عمل کیلئے بجٹ اجلاس کے بقیہ حصے کیلئے معطل کردیا گیا ہے۔ اِن ارکانِ پارلیمنٹ میں، کانگریس کے Manickam ٹیگور، امرندر سنگھ راجا، گُرجیت سنگھ Aujla،Hibi Eden ، ڈین Kuriakose، پرشانت پڈولے اور کِرن کمار ریڈی اور CPIM کے S Venkatesan شامل ہیں۔

آج ایوان میں بھارت—چین تعلقات اور بھارت—امریکہ تجارتی معاہدے سمیت مختلف معاملات پر کانگریس، DMK، ترنمول کانگریس، سماجوادی پارٹی اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور وغل کے سبب کارروائی بار بار ملتوی کرنی پڑی۔ تیسری بار ملتوی کئے جانے کے بعد جب لوک سبھا کی کارروائی سہ پہر تین بجے شروع ہوئی تو اپوزیشن کے ارکانِ پارلیمنٹ نے اِن معاملات پر احتجاج شروع کردیا۔ پریزائڈنگ افسر نے صدرنشیں کی طرف کاغذ پھینکے جانے کے ارکانِ پارلیمنٹ کے ناشائستہ طرزِ عمل پر اعتراض کیا۔ بعد میں پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے لوک سبھا میں اُن کے خراب برتاؤ اور ناشائستہ طرزِ عمل کیلئے آٹھ ارکانِ پارلیمنٹ کی معطلی کے سلسلے میں ایک قرارداد پیش کی۔ ایوان نے قرارداد کو صوتی ووٹ سے منظور کرلیا۔ اِس کے بعد صدرنشیں نے کل دن میں گیارہ بجے تک کیلئے ایوان کی کارروائی معطل کردی۔

اِس دوران، بجٹ اجلاس کے آغاز پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب پر شکریے کی تحریک پر آج راجیہ سبھا میں بحث ہوئی۔ کل اِس تحریک کو نامزد رکن پارلیمنٹ C Sadanandan Master نے پیش کیا تھا۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کے گھنشیام تیواری نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت والی حکومت بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کی خاطر کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ 25 کروڑ افراد کو غریبی سے نجات دلائی گئی ہے اور 95 کروڑ افراد کو سماجی تحفظ کے دائرے کے تحت لایا گیا ہے۔

کانگریس کی رکن پارلیمنٹ رَجنی اشوک راؤ پاٹل نے کہا کہ صدر جمہوریہ کے خطاب سے ملک کی اصل

حقیقت ظاہر نہیں ہوتی۔انھوں نے دعویٰ کیا کہ عالمی سطح پر بھارت کی فی کس آمدنی کافی کم ہے۔ محترمہ پاٹل نے کہا کہ برآمدات کم ہو رہی ہیں اور بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے۔ BJP کے ہرش وردھن Shringla نے کہا کہ امریکہ اور یوروپی یونین کے ساتھ تجارتی معاہدوں سے برآمد کاروں، چھوٹی صنعتوں، مزدوروں اور کسانوں کو 60 کھرب ڈالر کے اعلیٰ قدر والے بازار تک رسائی حاصل ہوگی۔ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کا اُن کی قیادت کیلئے شکریہ ادا کیا۔ بحث نامکمل رہی۔ بعد میں ایوان کی کارروائی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

## LS PM Kisan

حکومت نے پردھان منتری کسان اسکیم کے تحت حکومت نے 21 قسطوں میں 4لاکھ کروڑ روپے جاری کیے ہیں۔ زراعت کے مملکتی وزیر رام ناتھ ٹھاکر نے آج لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں یہ بات کہی۔ انہوں نے بتایا کہ پی–ایم کسان اسکیم، مرکزی شعبے کی ایک اسکیم ہے، جو قابل زراعت اراضی رکھنے والے کسانوں کی مالی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے 2019میں شروع کی گئی تھی۔x

## DRDO Ramjet Tech

دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے آج اڈیشہ کے ساحل کے نزدیک چاندی پور کی مربوط آزمائشی رینج سے Solid Fuel Ducted Ramjet SFDR ٹیکنالوجی کا کامیاب مظاہرہ کیا۔ وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ اِس سے بھارت اِس ٹیکنالوجی والے سرکردہ ملکوں کی لیگ میں شامل ہوگیا ہے۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ اِس ٹیکنالوجی کے مظاہرے سے طویل دوری تک فضا سے فضا میں وار کرنے والے میزائل کی تیاری میں مدد ملے گی۔ وزارت نے مزید کہا کہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے SFDR ٹیکنالوجی کے کامیاب مظاہرے پر DRDO اور صنعت کی ستائش کی ہے۔x

## Cricket WPL Toss

خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں وڈودرہ کے BCA اسٹیڈیم میں ایک اہم Eliminator میچ میں گجرات جائنٹس نے ڈیلی کیپٹلس کی جیت کیلئے 169رن کا نشانہ رکھا ہے۔ گجرات جائنٹس نے 20اوورس میں 7وکٹ پر 168رن بنائے۔ اِس سے قبل ڈیلی کیپٹلس نے ٹاس جیت پر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ اِس میچ کی فاتح ٹیم جمعرات کو فائنل میچ میں رائل چیلنجرس بینگلورو کے ساتھ کھیلے گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆